تعارف وتبصرہ

نظم الدرر فی شرح الفقہ الاکبر
للامام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت الکوفی رحمہ اللہ تعالیٰ

قیمت -/۳۵ روپے ملنے کا پتہ - مجلس علمی پوسٹ بکس ۴۸۸۳ کراچی ۲

حضرت الامام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ پہلی صدی ہجری کی وہ نابغہ روزگار شخصیت ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے مختلف علوم وفنون بالخصوص حدیث، فقہ، علم کلام وغیرہ میں بڑا مقام عطا فرمایا تھا۔ متعدد صحابہ کرامؓ کی زیارت اور ان سے استفادہ کی سعادت آپ کو حاصل ہوئی، اس طرح تابعین کے طبقہ میں آپ کو شمولیت کا شرف حاصل ہے۔ کھاتے پیتے گھرانے کے فرد تھے لیکن علمی شوق نے ایک پل چین سے نہ بیٹھنے دیا اور اس دور کی سنہری روایات کے مطابق بستی بستی گھوم کر احادیثِ رسولؐ کو اخذ کیا۔ کیفیت سے بڑھکر کمیت کے اعتبار سے اس میزان میں جب آپ کو تولا جاتا ہے تو آپ اپنی مثال خود ہی نظر آتے ہیں، حدیث میں آپ کے کمال کا منہ بولتا ثبوت "جامع المسانید" نامی کتاب ہے جو آپ کا جمع کردہ مجموعہ حدیث ہے آپ کا سب سے بڑا کارنامہ فقہ واجتہاد کے راستے وہ اصولی کام ہے جس سے ایک مخلوق آج تک استفادہ کر رہی ہے اور زندگی کے نو بنو چیلنج کا مقابلہ کر رہی ہے۔ اپنے دور کے عظیم المرتبت محدثین، اہل فقہ واجتہاد کی مجلس شوریٰ کے ذریعہ کئی سال کی تگ ودو اور علمی کاوش کے بعد آپ نے "فقہ" کا جو اصولی ذخیرہ مرتب کیا وہ رہتی دنیا پر آپ کا احسان ہے اور آپ کے خلوص کا ہی اثر ہے کہ جب سے اب تک تین چوتھائی دنیا اس نسبت پر فخر کرتی ہے۔

بہرحال حضرت الامام کی اس عظیم فقہی کاوش وکوشش کے ساتھ ان کا ایک عظیم کارنامہ اور بھی ہے جو اس وقت ہمارے سامنے ہے یعنی علم کلام وعقائد میں آپ کا مختصر اور جامع رسالہ "الفقہ الاکبر" جس کی شرح مشہور حنفی محدث حضرت العلامہ ملاّ